حکومتِ پاکستان

(ریونیوڈویژن)

فیڈرل بورڈآف ریونیو

اسلام آباد۔ 23جون 2026

(نوٹیفکیشن)

(کسٹمز)

SRO 1055(1)/2026 کسٹمزایکٹ 1969 کی دفعہ9کی شق (b) اور (c) کے تحت،اوردفعہ10کی شق (a) اور (b) کے ساتھ ملاکرپڑھتے ہوئے جواختیارات تفویض کیے گئے ہیں ان کواستعمال کرتے ہوئے فیڈرل بورڈآف ریونیو اس امر کااعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے کہ ریلوے اسٹیشن تفتان، جو 11.75ایکڑاراضی پر مشتمل ہے، کودرآمدشدہ یابرآمدکیے جانے والے مال یاکسی بھی قسم کے مال کی لوڈنگ،اَن لوڈنگ اور کلیئرنس کے مقصد کے لیےایک زمینی کسٹمز اسٹیشن قرار دیاجاتاہے، جس کی حدوددرج ذیل تفصیل کے مطابق ہوں گی:

(a)شمال کی جانب، بذریعہ کسٹم ہاؤس، پاکستان ہاؤس، اے سی آفس

(عرض البلد:28.974316°N)

(طول البلد:61.557026°E)؛

(b)جنوب کی جانب، بذریعہ ایف سی ہیڈکوارٹر، ایران بارڈر

(عرض البلد:28.972258°N)

(طول البلد:61.554341°E)؛

(c)مغرب کی جانب، بذریعہ ایران بارڈر

(عرض البلد:28.974482°N)

(طول البلد:61.551901°E)؛اور

(d)مشرق کی جانب، بذریعہ سویلین /ریلوے کالونی

(عرض البلد:28.972418°N)

(طول البلد:61.558779°E)۔

[C.No11(7)L&P/2026]

(زبیر شاہ)

سکریٹری(قانون وطریقہ کار)